E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

روزنامہ پبلک فیصل آباد

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | بدھ 21 اکتوبر 2026ء/9 جمادی الثانی 1448ھ/ قیمت 10 روپے | شمارہ 250

ساڑھے 14 ارب روپے اعزازیہ کی باعزت فراہمی، 76 ہزار سے زائد مساجد کی رجسٹریشن مکمل، جیو ٹیگنگ کا عمل تیزی سے جاری

وزیراعلیٰ پنجاب اعزازیہ پروگرام برائے امام مسجد صاحبان کامیابی سے جاری

محکمہ داخلہ امام مسجد صاحبان کے سوالات کے بروقت جوابات کیلئے چیٹ بوٹ متعارف کروا رہا ہے، ڈاکٹر احمد جاوید قاضی

محکمہ داخلہ امام مسجد صاحبان کی زیر صدارت اعزازیہ پروگرام برائے امام مسجد صاحبان کی سٹیئرنگ کمیٹی کا پانچواں اجلاس

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب میں صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت وزیراعلیٰ پنجاب اعزازیہ پروگرام برائے امام مسجد صاحبان کی سٹیئرنگ کمیٹی کا پانچواں اجلاس ہوا۔ سیکرٹری داخلہ فیصل فرید، چیف ایگزیکٹو آفیسر سٹریٹ برائے انسداد دہشت گردی فاطمہ جاوید قاضی نے اجلاس میں اعزازیہ پروگرام برائے امام مسجد صاحبان کے تسلسل اور کارکردگی کے بارے بریفنگ دی۔ اجلاس میں سپیشل سیکرٹری داخلہ فیصل فرید، چیف ایگزیکٹو آفیسر سٹریٹ برائے انسداد دہشت گردی فاطمہ جاوید قاضی، ٹیکنالوجی بورڈ سید قاسم افضل، میڈیا ڈائریکٹر پنجاب سیف سٹی اتھارٹی ڈاکٹر احمد جاوید قاضی، ایڈیشنل سیکرٹری انٹرنل سیکیورٹی جوبیہ مقبول، ایڈیشنل سیکرٹری اوقاف نبیلہ جاوید، ڈی آئی جی ایکیو ٹاسک فورس پنجاب شرجیل رضا خان، چیف ایگزیکٹو آفیسر پنجاب چیریٹیز کمیشن ثاقب شداد، صفیر شاہد، ڈائریکٹر جنرل پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ سید قاسم افضل، میڈیا ڈائریکٹر پنجاب سیف سٹی اتھارٹی عمیر یونس، ایڈیشنل سیکرٹری انٹرنل سیکیورٹی جوبیہ مقبول، چیف آف پنجاب شرجیل رضا خان، چیف ایگزیکٹو آفیسر پنجاب چیریٹیز کمیشن ثاقب شداد، صفیر شاہد، ڈائریکٹر جنرل پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ سید قاسم افضل، میڈیا ڈائریکٹر پنجاب سیف سٹی اتھارٹی عمیر یونس، ایڈیشنل سیکرٹری اوقاف نبیلہ جاوید، ڈی آئی جی ایکیو ٹاسک فورس پنجاب شرجیل رضا خان، چیف ایگزیکٹو آفیسر پنجاب چیریٹیز کمیشن ثاقب شداد، صفیر شاہد، ایڈیشنل سیکرٹری سپیشل انٹیلی جنس ایجنسی نتاشا صدیقی، ایڈیشنل سیکرٹری سپیشل برانچ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)

مریم نواز کا کمپیوٹر ڈ کالج کی پوزیشن ہولڈر طالبات کیلئے لیپ ٹاپ، پانچ بسیں فراہم کرنے کا اعلان

پنجاب میں خواتین کیخلاف جرائم کسی صورت بھی قبول نہیں، وزیراعلیٰ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کمپیوٹرائزڈ کالج کی طالبات کیلئے لیپ ٹاپ اور بائیو میٹرک بسیں فراہم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے کے ہر کونے میں گھر تک پہنچیں گے اور ہر بچے کو تعلیم حاصل کرنے کے مواقع فراہم کریں گے، زندگی میں چیلنجز آتے رہتے ہیں، ہماری ہمت سب سے ڈیل کریں، مجھے بھی سننا پڑا تھا، پنجاب مشکل صوبہ ہے، یہاں پولیس اور بیوروکریسی کو چلانا مشکل کام ہے لیکن اگر محنت کریں تو خواتین بھی اہم منصب کو سنبھال اور چلا سکتی ہیں۔ کمپیوٹرائزڈ کالج (باقی صفحہ اندرونی نمبر 37)



لاہور: ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو پنجاب کے خصوصی مقامات کے تحفظ سے متعلق کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب میں ناجائز اسلحہ کے قوانین مزید سخت کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 61 سال پرانا قانون تبدیل کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے پنجاب آرمز آرڈیننس 1965 میں ترمیم کر کے پنجاب آرمز (ترمیمی ایک) ترمیم آرڈیننس 2026ء لانے کی تیاری شروع کر دی جس کے تحت پنجاب میں ناجائز اسلحہ رکھنے اور فروخت کرنے کے قوانین مزید سخت کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ ترجمان ذرائع سے مطابق ترمیمی قانون میں نئی دفعہ 14-اے شامل کرنے کی تجویز پیش کی گئی، ناجائز اسلحہ کے مقدمات ناقابل ضمانت قرار دینے کے لئے قانونی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 38)



اسلام آباد: آئی ایم ایف کے شعبہ مالیاتی امور (Fiscal Affairs Department) کے ڈائریکٹر مسٹر ورگو والدیس تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

راناشمیم کیس: سپریم کورٹ کا نیا بینچ تشکیل، سماعت 30 اکتوبر کو ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے راناشمیم کیس کی سماعت کے لیے نیا بینچ تشکیل دے دیا ہے۔ جسٹس عائشہ اے ملک کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ کیس کی سماعت 30 اکتوبر کو کرے گا۔ بینچ میں جسٹس عائشہ اے ملک، جسٹس شاہد بلال حسن اور جسٹس ارشد علی چودھری شامل ہیں۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 39)

لیاقت بلوچ کا وزیراعظم سے بلوچستان کے مسائل پر کوئٹہ میں آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا مطالبہ

کوئٹہ (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے وزیراعظم سے بلوچستان کے مسائل پر کوئٹہ میں آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا مطالبہ کیا ہے۔ صوبہ انٹیلیکٹ کے قومی ڈائیلاگ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے لیاقت بلوچ نے مطالبہ کیا کہ وزیراعظم بلوچستان کے مسائل پر کوئٹہ میں آل پارٹیز کانفرنس بلائیں۔



وفاقی وزیر برائے بندرگاہ و ساحل ترقی خواجہ امین الدین اور وزیر مملکت برائے بندرگاہ و ساحل ترقی علی پرویز ملک سے ملاقات کر رہے ہیں

میجر وجاہت وحید شہید کی نماز جنازہ ادا، لاہور میں مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک

قومی پرچم میں لپٹے شہید کے جسد خاکی کو پاک فوج کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی

نماز جنازہ میں گورنر پنجاب، کور کمانڈر لاہور، سینئر صوبائی وزراء، سول و عسکری افسران اور اہل علاقہ کی بڑی تعداد کی شرکت

لاہور (این این آئی) پنجاب کے علاقے پھلی میں وقار وطن کی خاطر جام شہادت نوش کرنے والے میجر وجاہت وحید شہید کو ان کے آبائی شہر لاہور میں مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کر دیا گیا۔ میجر وجاہت وحید شہید کی نماز جنازہ شہید کے والد کرنل (ر) وحید اقبال کی امامت میں ڈیفنس فیز 8 کے مسجد ابوبکر میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ میں گورنر پنجاب، کور کمانڈر لاہور، سینئر صوبائی وزراء، سول و عسکری افسران اور اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی، لاہور میں شہید کے جسد خاکی کو قومی پرچم میں لپٹے شہید کے جسد خاکی کو پاک فوج کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 25)



ایس ای سی پی نے سابقہ سیکیورٹی مشیروں کے لیے سیکیورٹی آپریشنز سینٹر قائم کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے اپنے معلوماتی اثاثوں کی حفاظت، سابقہ ظہورات کی بروقت نشاندہی اور فوری کارروائی کیلئے سیکیورٹی آپریشنز سینٹر قائم کر دیا ہے، جس سے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 26)

لاہور: سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین میمن کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کیخلاف کیس، اٹارنی جنرل کو نوٹس جاری، جواب طلب

صوبائی حکومت کی اجازت کے بغیر گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ نہیں کی جا سکتی، سلمان اکرم راجہ کے ریمارکس

یہ جمہوریت پر حملہ ہے، ہمارے ارکان کو اغوا کیا جا رہا ہے، صوبے کے اندر بے انتہا کی گیا ایمرجنسی لگائی گئی، سلمان اکرم راجہ

پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس اعجاز انور اور جسٹس اشتیاق ابراہیم پر مشتمل بینچ نے گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف درخواستوں پر اٹارنی جنرل کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا۔ مقدمہ کی سماعت پیر کو ہوئی۔ دوران سماعت بیرسٹر گوہر نے عدالت کو بتایا کہ ایک ہی دن میں ایمرجنسی اور گورنر راج کا نفاذ کیا گیا، گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ ہوئی، اسی دن گورنر راج اور ایمرجنسی ختم کر دی گئی۔ ایڈووکیٹ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)



لاہور: ڈی جی سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی سے نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں پنجاب ہاکی ایسوسی ایشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

پنجاب بھر میں ماحولیاتی آلودگی پھیلانے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز، بھاری جرمانے

پاک آئی اسکواڈ، ڈرون اسکواڈ اور دیگر فلیٹ ٹیموں کے ذریعے خلاف ورزیوں کی نشاندہی اور فوری کارروائی کیلئے موثر بنائی جارہی ہے

ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی پر ٹوٹس، سیلنگ، مسماری، مقدمات اور جرمانوں سمیت سخت کارروائی بلا امتیاز جاری رہے گی۔

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر میں گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران ماحولیاتی آلودگی کے خلاف فیلڈ اقدامات سخت جاری رکھے گئے۔ پاک آئی اسکواڈ اور ڈرون اسکواڈ کی مدد سے آلودگی پھیلانے والے درائج کے خلاف کارروائیوں میں تیزی لائی گئی ہے، اینٹوں کے بھٹوں، صنعتی یونٹس، فیبر معماری پلاسٹک، پارچی کیو کو ڈسٹرکٹ کنٹرک پوائنٹس اور (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)



اسلام آباد ہائیکورٹ، کچہری دھماکے کے متاثرین کو معاوضے کی ادائیگی کی پالیسی جلد بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے ضلع کچہری خودکش دھماکے کے متاثرین کو معاوضے کی ادائیگی سے متعلق پالیسی جلد مرتب کرنے، معاملہ سیکرٹری کابینہ کو بھیجنے اور پالیسی وفاقی کابینہ سے پیش کرنے کیلئے اقدامات (باقی صفحہ اندرونی نمبر 28)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب کے شہر کو خوبصورت بنانے کے وژن کے تحت لاکھوں روپے مالیت سے تیار کی گئی وال پینٹنگ

لاہور ٹریفک پولیس میں نفری کی کمی مختلف اضلاع سے 200 سے زائد اہلکار طلب

تعینات کیے جانے والے اہلکاروں کو ہر ماہ تبدیل کیا جائے گا اور ان کی جگہ متعلقہ اضلاع سے نئے اہلکار بھیجے جائیں گے

شیخوپورہ، قصور، سیالکوٹ سمیت مختلف اضلاع سے ٹریفک اسسٹنٹس اور کانسٹیبلز طلب، اہلکار ہر ماہ تبدیل کیے جائیں گے

لاہور (این این آئی) لاہور ٹریفک پولیس میں نفری کی کمی کے پیش نظر مختلف اضلاع سے 200 سے زائد ٹریفک اہلکاروں کی تعیناتی کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ٹریفک پولیس کے ترجمان کے مطابق ہیڈ کوارٹرز نے ٹریفک اسسٹنٹس اور کانسٹیبلز کی لاہور تعیناتی کے لیے مراسلہ جاری کرتے ہوئے شیخوپورہ، قصور، ساہیوال، سیالکوٹ سمیت مختلف اضلاع سے اہلکار منگوانے کی ہدایت کی ہے۔ مراسلے کے مطابق سیالکوٹ سے 20، شیخوپورہ، قصور اور دیگر اضلاع سے 10 اور 15 اہلکار لاہور ٹریفک پولیس میں تعینات (باقی صفحہ اندرونی نمبر 29)

سکردو انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا سیکٹری رن وے 13 روز کیلئے بند، پی آئی اے کی پروازوں کیلئے نئی ایڈوائزری جاری

سکردو (این این آئی) پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی (پی آئی اے) نے تمام پروازوں کیلئے نئی ایڈوائزری جاری کر دی۔ سکردو انٹرنیشنل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

پاکستان اور امریکا کیلئے ٹیکنالوجی میں تعاون انتخاب نہیں، ضرورت ہے، رضوان سعید شیخ

سعید شیخ کا آئندہ 10 سے 12 برسوں میں پاکستان کی آبادی کے متوقع حالمی مقام کا ذکر

ڈیلس (این این آئی) امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان ٹیکنالوجی کے شعبے میں تعلقات رکنا کسی انتخاب کا معاملہ نہیں بلکہ ایک تاگزیر ضرورت ہے۔ رضوان سعید شیخ نے ڈیلس کے علاقے ارونگ کے ہوٹل وڈھم ڈی ایف ڈبلیو ایئر پورٹ میں منعقدہ پاک (باقی صفحہ اندرونی نمبر 36)

قوام سیاسی جماعتیں وزیراعظم کیساتھ دہشت گردی کے مسئلہ پر سر جوڑ کر بیٹھیں، بیرسٹر رانا ثناء اللہ

کے پی میں جو دہشت گردی کی صورتحال تھی اس پر صوبائی حکومت کا نہ تو کنٹرول ہے، نہ رابطہ، شیر وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور بیرسٹر رانا ثناء اللہ نے تمام سیاسی جماعتوں کو دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ وزیراعظم کے ساتھ دہشت گردی کے مسئلے پر سر جوڑ کر بیٹھیں، کے پی میں جو دہشت گردی کی صورتحال تھی اس پر صوبائی حکومت کا تعاون نہیں مل رہا تھا، بلوچستان میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 35)

چکوال، ہائی وولٹیج تاروں سے کرنٹ لگنے سے 2 خواتین جاں بحق

اس دوران لوہے کا جنگلا اٹھاتے ہوئے بجلی کی تاروں کی زد میں آ گئیں۔

چکوال (این این آئی) چکوال میں ہائی وولٹیج تاروں سے کرنٹ لگنے سے 2 خواتین جاں بحق ہو گئیں۔ پولیس کے مطابق یہ افسوس ناک واقعہ چکوال کے علاقے ياسر آباد میں پیش آیا۔ جاں بحق خواتین میں گھر کی مالکن اور ملازمہ شامل ہیں۔ دونوں خواتین کی میتوں کو سول ہسپتال (DHQ) منتقل کر دیا گیا۔

وزارت خزانہ اور آئی ایم ایف کے زیر اہتمام ٹیکس اصلاحات پر 2 روزہ ورکشاپ کا آغاز

ورکشاپ کے دوران ٹیکس نظام کے انتظامی اور ورکنگ ریگولیشن پر خصوصی نشست منعقد کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خزانہ اور آئی ایم ایف کے زیر اہتمام پاکستان کے ٹیکس نظام کو جدید بنانے کیلئے اعلیٰ سطح کی 2 روزہ ورکشاپ کا آغاز ہو گیا۔ ورکشاپ کی تقریب میں وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے افتتاحی کلمات ادا کیے۔ بتایا گیا کہ آئی ایم ایف کے شعبہ مالیاتی امور (Fiscal Affairs Department) کے ڈائریکٹر مسٹر ورگو والدیس تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اسحاق ڈار کی تاجک صدر سے ملاقات، علاقائی اقتصادی تعاون کے فروغ پر زور

نائب وزیراعظم کی دشنبے میں تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے سربراہان کے ہمراہ ملاقات میں شرکت

دشنبے (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے تاجکستان کے صدر امام علی رحمان سے ملاقات کی جس میں علاقائی تعاون تنظیم کے تحت علاقائی اقتصادی تعاون، روابط بڑھانے اور مشترکہ خوشحالی کے فروغ پر زور دیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی تاجکستان کے صدر امام علی رحمان سے ملاقات ہوئی۔

سہیل آفریدی ذاکرانی سموے کی منظوری کیلئے افغانستان میں رابطے میں ہے، طارق فضل چودھری

سموا کچہری کا موقف قائد محترم خان سے ملاقات کے بغیر کسی بھی پیش رفت کا امکان نہیں، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چودھری نے انکشاف کیا ہے کہ خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی ذاکرانی سموے کی منظوری کیلئے افغانستان میں رابطے میں ہے۔ نجی ٹی وی سے بات کرتے ہوئے طارق فضل چودھری نے بتایا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی خصوصی ہدایات پر پروسیجر کیے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 32)



لاہور: ڈرائیور کی لاپرواہی کے باعث طالبعلم سکول سے چھٹی کے بعد رکشہ میں آگے بیٹھ کر سفر کر رہا ہے

سندھ میں گورنر راج کے بجائے نئے صوبے بنائے جائیں، ڈاکٹر ارشد وہرہ

ایم کیو ایم کے اندر بھی باہمی اختلافات و تقسیم کے ذریعے مسائل حل کیے جاتے ہیں۔

کراچی میں ترقیاتی کاموں کے رکے کرنے کے بجائے سندھ حکومت عملی اقدامات کرے، ایم کیو ایم رہنما


کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما ڈاکٹر ارشد وہرہ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج کی ضرورت نہیں، کیونکہ ان کے بقول صوبائی حکومت نے تحریک طالبان پاکستان سے مذاکرات کر کے ان کے لیے سرحدیں کھولیں، تاہم سندھ میں گورنر راج کے بجائے نئے صوبے بنانا بہتر ہوگا۔ کراچی پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر ارشد وہرہ نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 34)

ڈی کام اور ڈپلومہ ان بزنس ایڈمنسٹریشن میں داخلوں کے لیے رجسٹریشن شیڈول جاری

نارمل فیس کے ساتھ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 15 دسمبر مقرر

ناظم پر 500 سے 5 ہزار روپے تک اضافی فیس وصول کی جائے گی، ترجمان ذوہیب احمد خان

کراچی (این این آئی) سندھ بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن نے تعلیمی سیشن 2026-2027ء کے لیے ڈپلومہ ان کامرس (ڈی کام) اور ڈپلومہ ان بزنس ایڈمنسٹریشن کے طلبہ کے رجسٹریشن فارم اور فیس جمع کرانے کا شیڈول جاری کر دیا ہے۔ بورڈ کے ترجمان ذوہیب احمد خان کے مطابق سرکاری اور نجی تعلیمی اداروں کے طلبہ بارہویں کے ساتھ اپنے فارم 15 دسمبر 2026ء تک جمع کرا سکتے ہیں۔



فیصل آباد: ناظم آباد کے علاقے 411 الفوالاں میں بیوہ خاتون کی دائر کردہ ماضی پر مبنی کیس پر پریس کلب میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

مولانا فضل الرحمان ماضی کے بیانات اور موجودہ مؤقف میں تضاد کی وضاحت کریں، دانیال چوہدری

مولانا فضل الرحمان نے ماضی میں 9 مئی کے واقعات اور جی ایچ کیو پر حملے کے جو بیانات دیے، پارلیمانی سیکرٹری

9 مئی کے واقعات اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جانیں قربان کرنے والے سیکیورٹی اہلکاروں کی قربانیوں کو فخر انداز نہیں کیا جا سکتا، مختصر

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کو اپنے ماضی کے بیانات اور موجودہ سیاسی مؤقف میں ہونے والے تضادات کی وضاحت کرنا ہوگی، کیونکہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 43)

Scanned with CamScanner

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ

پبلک

فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول بس پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

کینئر ڈ کالج کی طالبات کیلئے لیپ ٹاپ اور پانچ بسیں فراہم کرنے کا اعلان

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کینئر ڈ کالج کی طالبات کیلئے لیپ ٹاپ اور پانچ بسیں فراہم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے کے ہر گھر تک پہنچیں گے اور ہر بچے کو تعلیم حاصل کرنے کا موقع فراہم کریں گے، زندگی میں چیلنجز آتے رہتے ہیں، ہماری باری سب سے ذلیل کریں، مجھے بھی سنا پڑا تھا، پنجاب مشکل صوبہ ہے، یہاں پولیس اور یورکریسی کو چلانا مشکل کام ہے لیکن اگر ٹھان کر کریں تو ناممکن بھی ایم، منسٹر، کمشنر اور ڈی کمشنر بھی بن سکتی ہے، کینئر ڈ کالج کے 89 ویں کا نووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اساتذہ کرام اور والدین کو خصوصی طور پر مبارکباد پیش کی اور کہا کہ یہاں موجود ہر لڑکی کا میابی کی ایک مکمل داستان ہے۔ کامیاب ہونے والی طالبات اور ان کے والدین کو مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ اپنی بچیوں کی کامیابی پر تالیاں بجانے والے والدین کو دیکھ کر دل خوشی سے بھر گیا۔ لکھی ہوئی تقریر نہیں پڑھتی بچوں کے سامنے اپنے دلی جذبات بیان کرتی ہوں۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا بہت بڑی کا میابی ہے۔ میں جانتی ہوں کہ گرل ہونے کی وجہ سے خواب پورے کرنا مشکل ہو جاتے ہیں۔ لڑکیاں کو کامیابی کیلئے زیادہ کام کرنا پڑتا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ 9 بجے سے 6 بجے تک آفس کا کام کرتی ہوں، 6 بجے سے 10 بجے تک گھریلو ذمہ داریاں ہوتی ہیں۔ کسی کو پروفیشنل لائف میں کامیابی مقدر ہو جاتی ہے۔ لڑکیوں کو اپنے بارے میں بات کرنے کا موقع نہ دیں۔ کسی کو بھی یہ اجازت نہ دیں کہ آپ کام نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ بیٹیوں کو کام کیلئے موافق مواقع مہیا کرنا ہر ماں کی ذمہ داری ہے تاکہ والدین کسی بیٹی کو ایسے چھوڑتے ہوئے پریشان نہ ہوں۔ میں نے پنجاب کی بیٹیوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے کیلئے دن رات محنت کی اور پنجاب کو وویمن فرینڈلی صوبہ بنایا۔ بچیوں کو سکوٹی، رکشے چلاتے اور کام کرتے دیکھ کر خوشی ہوتی ہے۔ صبح یونیورسٹی اور شام کو اوبر چلانے والی بچی کی ویڈیو دیکھ کر بہت خوشی ہوئی۔ آپ کسی سے کم نہیں اور نہ ہی پیچھے ہیں، کبھی فکر نہ کریں۔ زندگی میں چیلنجز آتے رہتے ہیں، ہماری باری سب سے ذلیل کریں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ مجھے بھی سنا پڑا تھا، پنجاب مشکل صوبہ ہے، یہاں پولیس اور بیوروکریسی کو چلانا مشکل کام ہے

خیبر پختونخوا میں امن واستحکام کے لیے وفاقی اقدام، عوامی تحفظ اولین ترجیح

اجلاس اور عوامی اتحاد کے لیے بنیادی شرائط پر بات چیت جاری ہے۔

وفاقی حکومت کی جانب سے ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کا کوئی فیصلہ اسی پس منظر میں دیکھا جانا چاہیے۔ کسی بھی حکومت کے لیے ایسے اقدامات اختیار کرنا آسان نہیں ہوتا، کیونکہ ان کے سیاسی اثرات بھی ہوتے ہیں اور آئینی و انتظامی ذمہ داریاں بھی بڑھ جاتی ہیں۔ تاہم جب معمول کے طریقہ کار سے مسائل پر قابو پانے میں مشکلات پیش آ رہی ہوں اور عوام کو فوری تحفظ فراہم کرنا ناگزیر ہو جائے تو ریاستی قیادت کو صورت حال کا سنجیدگی سے جائزہ لے کر فیصلہ کرنا پڑتا ہے۔ اس فیصلے کی کامیابی کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ ریاست اور عوام کو ایک دوسرے کے مدمقابل کھڑا کرنے کے بجائے ان کے درمیان رابطہ اور اعتماد کو مضبوط بنایا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ ریاست کو یہ بھی یقینی بنانا ہوگا کہ وہ اپنے اختیارات کا استعمال کسی مخصوص سیاسی یا انتخابی مفاد کے لیے نہ کرے، بلکہ صرف اور صرف امن کی بحالی کو اپنا مقصد بنائے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو یہ اقدام وقتی ضرور ہوگا، مگر اس کے اثرات دیرپا ثابت ہو سکتے ہیں۔

تجزیہ بی این پی

موجودہ حالات کو صرف سیاسی اختلافات کے تناظر میں دیکھنا درست نہیں ہوگا۔ صوبہ ایک عرصے سے دہشت گردی، بدامنی، معاشی مشکلات اور انتظامی چیلنجوں کا سامنا کر رہا ہے۔ ان حالات نے عام شہریوں کی زندگی، کاروباری سرگرمیوں، تعلیمی اداروں اور ترقیاتی عمل کو متاثر کیا ہے۔ دہشت گردی کا سب سے بڑا نقصان یہ ہوتا ہے کہ اس کے اثرات کسی ایک واقعے یا علاقے تک محدود نہیں رہتے بلکہ پورے معاشرے میں خوف، غیر یقینی اور عدم تحفظ کی کیفیت پیدا ہوتی ہے۔ والدین یہ سوچنے پر مجبور ہو جاتے ہیں کہ اس کے ظہور کے لیے کون سے عوامل ذمہ دار ہیں، کاروباری افراد سرمایہ کاری سے گریز کرنے لگتے ہیں، نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع محدود ہو جاتے ہیں اور حکومت کی توجہ قریاتی منصوبوں سے ہٹ کر بچاؤ کی صورت حال سے نمٹنے پر مرکوز ہو جاتی ہے۔ ایسے ماحول میں امن کی بحالی محض انتظامی مشینری نہیں بلکہ صوبے کے مستقبل، معاشی استحکام اور سماجی ہم آہنگی کا سوال بن جاتا ہے۔

معاشی استحکام، غذائی تحفظ اور سیاسی مفاہمت۔ پائیدار ترقی کا مشترکہ راستہ

پاکستان کی معاشی صورتحال اس وقت ایک ایسے مرحلے پر کھڑی ہے جہاں مالیاتی نظم و ضبط، محصولات میں اضافے، عوامی فلاح و بہبود اور سیاسی استحکام کے تقاضوں کو ایک دوسرے سے الگ کر کے نہیں دیکھا جا سکتا۔ معاشی استحکام محض اعداد و شمار میں بہتری، زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافے یا مالیاتی خسارے میں کمی کا نام نہیں، بلکہ اس کا حقیقی مقصد عوام کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانا، روزگار کے مواقع پیدا کرنا، غذائی ضروریات پوری کرنا اور معتدل کے لیے ترقی کی مضبوط بنیاد رکھنا ہے۔ اگر معیشت کے اشاریے بہتر ہونے کے باوجود عام شہری کو بنیادی ضروریاتِ زندگی کے حصول میں دشواری کا سامنا رہے تو اس بہتری کے ثمرات کو معاشرے کے تمام طبقات تک پہنچانے کے لیے پالیسیوں پر نظرِ ثانی ضروری ہو جاتی ہے۔ پاکستان کو آج اسی دوہری چیلنج کا سامنا ہے، جس سے نمٹنے کے لیے ایک متوازن، حقیقت پسندانہ اور عوام دوست حکمتِ عملی اختیار کرنا ناگزیر ہے۔

بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کی بلیک ڈائریکٹر کرسٹالینا جارجیوا کی بلیک کے مطابق وزیرِ خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے ملاقات کے دوران عالمی معاشی صورتحال اور اقتصادی جائزے کے بعد مجلے کی سمع پر مجاہدے کے خوش آئند قرار دیا اس اعتبار سے اہم ہے کہ عالمی مالیاتی ادارے کے ساتھ تعلقات اور باہمی دفاعی مجاہدہ تمارے لیے

تجزیہ بی این پی

میں اہمیت رکھتی ہے۔ تاہم اس بیل ثمرات کے ساتھ یہ تقاضا بھی وابستہ ہے کہ حکومت قرض پروگرام کے تحت طے شدہ اہداف کو پورا کرے اور محصولات کے اہداف حاصل کرنے اور ساختہ کے عمل کو تسلسل کے ساتھ آگے بڑھائے۔ عالمی مالیاتی ادارے کی جانب سے ان نکات پر زور دینا ظاہر کرتا ہے کہ معاشی استحکام کو برقرار رکھنے کے لیے صرف وقتی اقدامات کافی نہیں، بلکہ مالیاتی انتظام، توانائی اخراجات اور محصولات کے نظام میں مستقل بنیادی اصلاحات ناگزیر ہیں۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق پاکستان کے لیے اصل کامیابی یہ ہوگی کہ عالمی مالیاتی اداروں کے ساتھ مالیاتی معاملات میں پیش رفت کو وسیع تر معاشی اصلاحات، صنعتی سرگرمیوں میں اضافے اور عوامی فلاح کے ساتھ مربوط کرے۔ قرض پروگرام کی معیشت کو فوری استحکام تو فراہم کر سکتے ہیں، لیکن طویل مدت میں خود انحصاری کے لیے پیداواری صلاحیت بڑھانا، برآمدات میں وسعت پیدا کرنا اور توانائی کے لیے سازگار ماحول قائم کرنا ضروری ہوتا ہے۔ اس مقصد کے لیے اصلاحات کو محض مالیاتی شرائط پوری کرنے تک محدود رکھنے کے بجائے قومی معیشت کی

مرکزی جمعیت الحدیث پاکستان کی حرمین شریفین کے دفاع کے لیے پاک فوج کے عزم کی حمایت

علامہ عبدالرشید غازی کا مسلم ممالک پر متحد ہو کر حرمین شریفین کے لیے متحد ہونے پر زور



لیل آباد (سٹاف رپورٹر) ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان علامہ عبدالرشید غازی سرپرست اعلیٰ مرکزیہ اسلام آباد حافظ حسنود اور خالد محمود اسلام آبادی کی ڈی جی آئی ایس پی آر کے ڈوگ مفتی کی مکمل حمایت کا اظہار کرتے ہوئے اعلان کیا تھا کہ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان حرمین شریفین کے تحفظ اور سعودی عرب کے دفاع کے لیے پاک فوج کے عزم کو سراہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سعودیہ برادرانہ تعلقات اور باہمی دفاعی معاہدہ تمارے لیے نہایت اہمیت رکھتا ہے۔ یک جان دو قالب کے مصداق پاک سعودیہ دوستی ہمیشہ کی طرح مضبوط و مستحکم تر ہوتی جارہی ہے۔ حرمین شریفین کا دفاع و تحفظ ہمارے لیے کسی بڑے اعزاز سے کم نہیں۔ علامہ عبدالرشید غازی نے پاکستان سعودی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 46)

ای پاسپورٹس کے لازمی اجراء کی تاریخ میں توسیع کر دی گئی

23 اکتوبر 2026ء سے پاکستان کے تمام پاسپورٹ دفاتر اور بیرون ملک پاکستانی سفارتی مشنز سے صرف ای پاسپورٹس جاری ہونگے

اسلام آباد (این این آئی) مقامی ریڈیبل پاسپورٹس کی جگہ ای پاسپورٹس کے لازمی اجراء کی تاریخ میں 22 اکتوبر تک کی توسیع کر دی گئی۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل آف امیگریشن اینڈ پاسپورٹس نے ملک بھر میں مشین ریڈیبل پاسپورٹ کو ختم کرکے جدید ترین ای پاسپورٹ پر منتقل ہونے کی تاریخ میں تبدیلی کر دی، اب اس سے نظام کا آغاز 15 اکتوبر کے بجائے 23 اکتوبر 2026ء سے ہوگا۔ پہلے کے تحت 23 اکتوبر 2026ء سے پاکستان بھر کے تمام پاسپورٹ دفاتر اور بیرون ملک پاکستانی سفارتی مشنز صرف ای پاسپورٹ جاری کریں گے۔ نئی تاریخ کا اعلان وزارت داخلہ نے کیا ہے۔ ای پاسپورٹ کی ترسیل کے لیے 16 اکتوبر کی تاریخ مقرر کی گئی تھی۔

نیتن یاہو کی انتخابی مہم میں حمایت نہیں کروں گا، جے ڈی وینس

امریکی نائب صدر نے اسرائیلی وزیراعظم کی حمایت سے انکار کر دیا

امریکی امیدواروں کی حمایت کرتا ہوں اور میری توجہ مسلط مدتی انتخابات پر ہے، اخترپوری

واشنگٹن (این این آئی) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو کی انتخابی مہم میں حمایت نہیں کروں گا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ان کا یہ بیان امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے نیتن یاہو کی حمایت کے چند گھنٹے بعد سامنے آیا ہے، جس کے بعد جے ڈی وینس نے خود کو اسرائیل کی انتخابی

ٹرمپ کو قتل کی دھمکیاں دینے والا امریکی شہری گرفتار، مقدمہ درج

صدر کو جان سے مارنے کی دھمکی کے الزام میں اسے زیادہ سے زیادہ پانچ سال قید کی سزا ہو سکتی ہے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ریاست کنساس میں 24 سالہ شخص جیڈن جیمز پر ریڈ کے خلاف صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو سوشل میڈیا پر دھمکی دینے کے الزام میں وفاقی مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ جیڈن کو ٹرمپ کے کنساس کے دورے سے قبل گرفتار کیا گیا، امریکی محکمہ انصاف کے مطابق جیڈن پر ریڈ کے خلاف صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو سوشل میڈیا پر ٹرمپ کو گولی مارنے کی بات کی اور ایک پوسٹ میں دھمکی دی کہ اس نے ٹرمپ کی تقریر کی جگہ کے آس پاس کی عمارتوں کی چھتوں کا نقشہ بھی تیار کر رکھا ہے۔

نیفن پک اپ، انسٹا پر گواہی دینے والے کو 3 کروڑ 80 لاکھ تک جرمانے کی وارننگ

ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر شائع ہونے والے مواد کی قانونی ذمہ داری بھی صارف پر عائد ہو سکتی ہے، حکام

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات میں سوشل میڈیا پر کسی کی توہین کرنے، تضحیک آمیز تبصرے کرنے یا ملک عزت پر حملہ آور مواد شائع کرنے والوں کو خبردار کیا گیا ہے کہ ایسی قبیح حرکت کرنے والے کو 3 سال کی سزا اور 5 لاکھ درہم جرمانے کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ سنجیدہ جرائم متحدہ عرب امارات کے ملک گیر آگاہی مہم دی ایوانس پک اپ اسٹیج پر شائع ہونے والے مواد کی قانونی ذمہ داری بھی صارف پر عائد ہو سکتی ہے، حکام

آسٹریلوی سیاست دان ہیلن ہینز پر گاڑی سے حملہ دانستہ کارروائی تھی، وزیراعظم

واقعے کی تحقیقات کے لیے انسداد دہشت گردی کی ایک مشترکہ ٹاسک فورس تشکیل دے دی گئی ہے، پولیس

کینبرا (این این آئی) آسٹریلیا کے وزیراعظم انتھنی البانیز نے کہا ہے کہ آسٹریلوی سیاست دان ہیلن ہینز پر ہونے والا حملہ دانستہ کارروائی تھا، جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہو گئیں اور ان کی حالت تشویش ناک ہے۔ اے بی سی کے مطابق ہیلن ہینز 2019ء سے وفاقی پارلیمنٹ کی آزاد رکن کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہی ہیں۔ گزشتہ سہ پہر ریاست وکٹوریہ

پاکستان اور روس۔ ماضی کی تلخیوں سے مستقبل کی شراکت داری تک

ساختی کمزوریوں کے ازالے کا ذریعہ بنتا ہوگا۔

پاکستان کو بیرونی معاشی خطرات کا بھی سامنا ہے۔ مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی، عالمی توانائی کی منڈیوں میں تیزی سے رونما ہونے والی تبدیلیاں اور عالمی تجارتی راستوں میں رکاوٹیں ممالک کے لیے خصوصی تشویش کا باعث ہیں۔ جو ابھی توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے درآمدات پر انحصار کرتے ہیں۔ پاکستان بھی اس صورت حال سے متاثر ہو سکتا ہے، کیونکہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافہ درآمدی بل، فارن ایکسچینج مارکیٹ، بجلی و گیس کی پیداواری لاگت اور داخلی سلامتی کے شعبوں میں ماہنصد تعاون کو فروغ دینا چاہیے۔ موجودہ عالمی حالات میں یہ بیش بش دونوں ملکوں کے لیے ایک مناسب موقع ہے۔ پاکستان اور روس اپنے روابط کو محض سفارتی مراسم تک محدود رکھنے کے بجائے اقتصادی، دفاعی اور داخلی سلامتی کے شعبوں میں ماہنصد تعاون کو فروغ دینا چاہیے۔ موجودہ عالمی حالات میں یہ بیش بش دونوں ملکوں کے لیے ایک مناسب موقع ہے۔ پاکستان اور روس

بقیہ نمبر 1

خانہ ترجمان کے مطابق پاکستانی وفد کی قیادت وزارت خارجہ کے ڈپٹی ڈویژن کے ڈیولپمنٹ سیکرٹری عاشق علی نے کی، جبکہ نمائندۂ خصوصی برائے افغان امن و مفاہمت محمد صادق خان نے افغان وفد کی سربراہی کی۔ اجلاس کے دوران فریقین نے دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا اور تعلقات میں مزید بہتری لانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ اجلاس کے دوران دونوں ممالک کے درمیان تجارت، ٹرانزٹ اور توانائی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے اور دوطرفہ روابط کو مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ مشاورت کے دوران عوامی روابط کو آسان بنانے کے لیے ٹھوس اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، اس موقع پر لاہور اور کابل کے مابین براہ راست پروازوں کی بحالی پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں افغان وفد کے ارکان نے پاکستان کے قنصلی کردار کو سراہا۔ ترجمان نے کہا کہ دونوں ممالک نے دوطرفہ روابط کو مسلسل برقرار رکھنے اور باہمی دلچسپی کے امور پر قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ نمبر 2

قومی یوم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور درجات کی بلندی اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

بقیہ نمبر 3

کے لیے کیماں خواہ وضع کے جانے چاہئیں۔ سیمینٹ میں چیئرمین عبدالقادر کی جانب سے بلیو بک پیش کرتے ہوئے متعلقہ پیش کی گئی تحریک پر اظہار خیال کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ قومی اسمبلی کے ارکان ملک اٹھانے کے بعد سرکاری پاسپورٹ کے اہل ہو جاتے ہیں جبکہ سینیٹ ارکان کو یہ سہولت حاصل کرنے کے لیے اپنی چیئرمین سے پوری کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی سینیٹر مکمل ہونے سے دو تین یا چھ ماہ قبل استعفیٰ دے دے تو وہ اس سہولت سے محروم رہتا ہے۔ اس امتیاز کو ختم کرنے کی ضرورت ہے۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ سابق ارکان کی تحریک پر اظہار خیال کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ سابق ارکان کو سرکاری پاسپورٹ بھی ہونا چاہئے، اس حوالے سے ہم بھی دلچسپی رکھتے ہیں، پھل صدیقی اور مختلف جماعتوں کی نمائندگی کرتے ہوئے ہیں اتفاقی تقریریات اور بین الپارلیمانی یونین کے اجلاسوں میں شرکت کرتے ہیں، اس لیے سرکاری پاسپورٹ سے متعلق قواعد میں یکسانیت ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سابق اور موجودہ ارکان پارلیمنٹ کی زیر کفالت بچوں کو 28 سال کی عمر تک سرکاری پاسپورٹ کی سہولت دینے کی تجویز پر بھی جماعتوں کے درمیان اتفاق رائے پایا ہوا ہے کی توقع ہے تاہم، ان کے مطابق اس سہولت کے دائرہ کار اور مستفید افراد کی تعداد کو مناسب طور پر محدود اور منظم کرنا ضروری ہے۔ وفاقی وزیر نے واضح کیا کہ سرکاری پاسپورٹ کسی اعزاز یا فری شیئے کی علامت نہیں بلکہ سرکاری امور کی انجام دہی کے لیے فراہم کیا جاتا ہے، اس لیے گریڈ 21 اور 22 کے ریٹائرڈ سرکاری افسران کے بچوں کو 28 سال کی عمر تک سرکاری پاسپورٹ دینے سے متعلق قواعد میں موجود خامیوں کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کو سرکاری پاسپورٹ کے بجائے ای بائی صحت اور صلاحیت سے اپنا مستقبل بنانا چاہیے۔

بقیہ نمبر 4

اداروں کے خلاف مولانا فضل الرحمان کے تو جین آمیز بیانات کی سخت مذمت کی ہے۔ سیاسی تنہائی کے باوجود قومی سلامتی اور ملکی خودمختاری کو سیاسی مقاصد کے حصول کا ذریعہ بنانے کی روش کو ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا۔ صورت حایت نہیں کی جاسکتی انہوں نے کہا کہ وطن کے دفاع اور سلامتی کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کی عظیم قربانیوں کو بھلایا نہیں جاسکتا۔ ان کے لئے استعمال نہیں کیا جانا چاہیے۔ کے پاکستان پیپلز پارٹی کے قائدین اور کارکنوں کی قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ کارساز، سانحہ 18 اکتوبر اور خوفناک بم دھماکے میں شہید ہونے والے جیالوں کی قربانیوں کو بھلایا نہیں جاسکتا۔ محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کی قیادت میں پاکستان کے عوام نے جمہوریت کے لئے بے مثال جدوجہد کی۔ انتخابی مہم کے دوران محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کو بار بار دھمکیاں دی گئیں، ان کی پرواہ کئے بغیر انہوں نے عوام کے درمیان جانا اور ان سے رابطہ کرنا نہیں چھوڑا۔ محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کی قربانی کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت اور کارکنوں کی قربانیاں ہماری تاریخ کا روشن باب ہیں اور ان کی قربانیوں کی بدولت ہی پاکستان میں جمہوریت کا سفر جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسان اشرف المخلوقات ہے اور پاکستان کی معاشی ترقی میں انسانی وسائل کی ترقی کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ انسانی وسائل کی ترقی کے بغیر ملک ترقی نہیں کرسکتا، آج ہمارے ملک کی 64 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے۔ ان نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کے لئے ہمیں ٹیکنیکل تعلیم کو فروغ دینا ہوگا۔ ہمیں ایسے نوجوان تیار کرنے ہیں جو ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں

سانحہ کارساز کے شہداء کی قربانیوں پر ہمیں فخر ہے، زکریا ڈار

پاکستان میں جمہوریت اور عوامی حکمرانی کا چراغ بھٹو خاندان کی قربانیوں اور جمہوری شہیدوں کے خون سے روشن ہے

اس دن جب محترمہ بے نظیر بھٹو شہید جلاوطنی ختم کر کے وطن واپس آئیں، ہزاروں جیالے ان کا استقبال کرنے کے لیے کراچی کی سڑکوں پر امڈ آئے تھے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما میاں زکریا حسن ڈار نے سانحہ کارساز کے شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ کارساز کے شہداء کی قربانیوں پر ہمیں فخر ہے، جنہوں نے اپنی جانیں نچھاور کر کے نظریاتی جیالوں کی مثال قائم کی پاکستان میں جمہوریت اور عوامی حکمرانی کا چراغ بھٹو خاندان کی قربانیوں اور جمہوری شہیدوں کے خون سے روشن ہے۔ 18 اکتوبر کا دن، جب بینظیر بھٹو کے جیالے ان کے ساتھ وفاداری کا اظہار کر رہے تھے، ہمیں ہمیشہ شہداء کی یاد دلاتا ہے۔ ہم ان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کریں گے کیونکہ شہید کبھی نہیں مرتا، وہ ہمیشہ زندہ رہتا ہے شہید کی موت قوم کی حیات ہے۔ سید عنایت علی شاہ پاکستان پیپلز پارٹی وہ واحد جماعت ہے جس نے ملک اور جمہوریت کی خاطر سب سے زیادہ قربانیاں دی ہیں۔

مولانا کو سیاسی موقف رکھنے کا حق ہے، رانا ثناءاللہ

جب کسی بین الاقوامی کمپنی کو معدنیات نکالنے کا ٹھیکہ دیا جائے گا تو اس کے بعد تنقید کا حق ہوگا، گفتگو



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم کے مشیر اور سینئر رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کو سیاسی موقف رکھنے کا حق ہے، معدنیات کے معاملے پر بات قبل از وقت ہے۔ رانا ثناءاللہ نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کو اپنا سیاسی موقف رکھنے کا پورا حق حاصل ہے، تاہم مولانا سے ان کا نقطہ نظر مختلف ہے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کے بیان کو اتنا سنجیدہ نہیں لینا چاہیے اور ان کی بات کو بلاوجہ فسانہ بنا دیا گیا ہے، مولانا دکھی نہیں ہیں۔ معدنیات کے معاملے پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم کے مشیر نے کہا کہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)

سہیل آفریدی گرفتار نہیں بلکہ پولیس کی حفاظتی تحویل میں خیبر پختونخواہ میں ہی ہیں، عطا تارڑ

کے پی حکومت سے متعلق اب کوئی مذاکرات نہیں، ان کا چیپٹر ختم، ٹرین انٹیشن چھوڑ چکی ہے، وفاقی وزیر اطلاعات



اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ سہیل آفریدی گرفتار نہیں بلکہ پولیس کی حفاظتی تحویل میں خیبر پختونخواہ میں ہی ہیں، کے پی حکومت سے متعلق اب کوئی مذاکرات نہیں، ان کا چیپٹر ختم، ٹرین انٹیشن چھوڑ چکی ہے۔ ایک انٹرویو میں عطا تارڑ نے کہا کہ ایمرجنسی اور گورنر راج کے بعد سہیل آفریدی کو حفاظتی تحویل میں لیا گیا، سہیل آفریدی کو نہ گرفتار کیا نہ ان کیخلاف کوئی کیس درج کیا گیا ہے وہ پولیس کی کسٹڈی میں کہیں ہی موجود ہیں، شیخ جان و دیگر لوگ سہیل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)

پاکستان اور لتھوانیا کا سیاسی مشاورت کا آٹھویں دور کا دور چوکل منعقد، تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور لتھوانیا کے درمیان دوطرفہ سیاسی مشاورت کا آٹھواں دور دور چوکل منعقد ہوا، جس میں دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ دفتر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1)

وزیراعلیٰ سندھ کا سائٹ ایریا فیکٹری میں آتشزدگی کا نوٹس، ریسکیو آپریشن تیز کرنے کی ہدایت

فیکٹری میں پھنسے ملازمین کو بحفاظت نکالا جائے، آگ لگنے کی وجوہات کا جائزہ لے کر تفصیلی رپورٹ پیش کی جائے

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے سائٹ ایریا کی فیکٹری میں آتشزدگی کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے انتظامیہ اور ریسکیو حکام کو فوری طور پر جائے وقوعہ پر متحرک ہونے کی ہدایت کردی۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ فیکٹری میں پھنسے تمام ملازمین کو بحفاظت نکالنے کے لیے ہنگامی اقدامات کیے جائیں اور آگ پر جلد قابو پانے کے لیے فائر بریگیڈ اور ریسکیو 1122 کی مزید گاڑیاں فوری طور پر طلب کی جائیں۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ آگ پر جلد از جلد قابو پا کر اطراف کی عمارتوں کو محفوظ بنایا جائے اور امدادی کارروائیوں میں کسی قسم کی تاخیر نہ کی جائے۔



فیصل آباد آل پاکستان ٹیکسٹائل سائز مگ ایسوسی ایشن کے چیئرمین شکیل احمد انصاری رکن آئی ایل او گورننگ باڈی سعد محمد چوہدری نوید گلزار جاوید شریف چوہدری نواز وحید رائے شاہد حمید غوری میاں اجمل بابا لطیف و دیگر پاور لومز ایسوسی ایشنز کے ذمہ داران انڈسٹری، بحران بارے مسائل پر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ریحان اشرف انتقال کر گئے، تاجروں اور چیمبر عہدیداران کا اظہار افسوس

نماز جنازہ میں تاجروں اور چیمبر ممبران کی شرکت، مرحوم کے لیے مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر کی دعا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) GSMA کمپنی کے حاجی اشرف قادری کے صاحبزادے ریحان اشرف رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے ہیں انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم محمد اکرم، محمد ارشد، محمد اسلم، محمد عاصم کے بھتیجے اور حسن اشرف کے بڑے بھائی تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ نماز ظہر ٹیکنیکل مسجد ڈی گراؤنڈ میں ادا کی گئی۔ جس میں چیمبر کے ممبران، تاجروں اور اُن کے لواحقین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ دریں اثنا فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر عارف احسان ملک، سینئر نائب صدر میاں محمد سعید اور نائب صدر محمد یٰسین نے اس سانحہ ارتحال پر گہرے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)

سرکاری پاسپورٹ کسی اعزاز یا ذاتی حیثیت کی علامت نہیں بلکہ سرکاری امور کی انجام دہی کے لیے فراہم کیا جاتا ہے، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ سینیٹ ارکان کو سرکاری پاسپورٹ کے حصول کے لیے چھ سالہ مدت پوری کرنے کی شرط غیر ضروری امتیاز ہے، اسے ختم کر کے قومی اسمبلی اور سینیٹ ارکان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی دوشنبے میں ایس سی او اجلاس میں شریک وفود کے اعزاز میں عشائیے میں شرکت


دوشنبے (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے تاجکستان کے وزیراعظم قاہر رسول زادہ کی جانب سے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہان حکومت کی کونسل کے اجلاس میں شرکت کرنے والے وفود کے سربراہان کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیے میں شرکت کی۔

اسلام آباد میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے نظام کو مستقل بنیادوں پر بہتر بنانے کیلئے اقدامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کو بتایا گیا ہے کہ وفاقی دارالحکومت میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے نظام کو مستقل بنیادوں پر بہتر بنانے کے لئے اقدامات جاری ہیں، آئی نائن میں سالڈ ویسٹ ڈپو کی تعمیر آئندہ دو سے تین ماہ میں مکمل ہونے کی توقع ہے۔

قومی اداروں کے خلاف بیانات ناقابل قبول ہیں، چوہدری خالد سردار

قومی سلامتی اور شہدا کی قربانیوں کو سیاسی مفادات کے لیے استعمال نہیں کرنا چاہیے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پی ٹی آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمن کے قومی اداروں کیخلاف بیانات کسی صورت قبول نہیں، جمعیت کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی جانب سے قومی اداروں کے خلاف مبینہ توہین آمیز بیانات کی شدید مذمت کرتے ہوئے پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما و سابق چیئرمین بلدیہ عظمیٰ چوہدری خالد سردار کہا ہے کہ قومی سلامتی اور پاکستان کی خودمختاری جیسے حساس معاملات کو سیاسی مفادات کے لیے استعمال کرنا کسی بھی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں کہا کہ پاکستان مسلم لیگ قومی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)



کراچی: الخدمت کراچی کے آرتھن کیئر پروگرام کے تحت باہمت بچوں کی ایملتھا سکریننگ کی جارہی ہے

فیسکو ملازمین کی فلاح و بہبود اور مسائل کا حل ہماری ترجیح ہے، فرخ آفتاب

ملازمین اور ان کے اہل خانہ کی شادیوں کے لیے 70 لاکھ روپے کی میرج گرانٹ منظور کی گئی

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل ایڈمن فرخ آفتاب نے کہا ہے کہ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر فیسکو ایڈمن ڈائریکٹوریٹ ملازمین کی فلاح و بہبود، ان کے مسائل کے بروقت حل اور انہیں بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور اقدامات کر رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ فیسکو کے ملازمین ادارے کا قیمتی اثاثہ ہیں اور ان کی محنت، دیانت داری اور پیشہ ورانہ خدمات ہی ادارے کی ترقی اور کامیابی کی بنیاد ہیں۔ ڈی جی (ایڈمن) نے بتایا کہ ریٹائرڈ ملازمین اور دوران سروس وفات پانے والے ملازمین کے بچوں کی شادی کے لیے میرج گرانٹ کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔

وطن عزیز انتہائی نازک حالات سے گزر رہا ہے، چوہدری تبسم بگا

ہمیں ملک و ملت کی بقاء اور استحکام کے لیے سامراجی قوتوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانا ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستانی مانچسٹر فیصل آباد کے نامور سماجی و عوامی رہنما چوہدری تبسم بگا جٹ نے کہا کہ وطن عزیز انتہائی نازک حالات سے گزر رہا ہے ہمیں ملک و ملت کی بقاء اور استحکام کے لیے سامراجی قوتوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانا ہے اور افواج پاکستان کی پشت پر سیسہ پلائی دیوار بن کے کھڑے ہونا ہے پاکستان اس وقت اندرونی و بیرونی سازشوں کی زد میں ہے پاک فوج دونوں محاذوں پر ملکی بقاء وسلامتی اور استحکام پاکستان کی جنگ لڑ رہی ہے ہمارا مور سماجی عوامی شخصیت چوہری تبسم بگا جٹ نے پاک فوج کی بے مثال ولازوال قربانیوں پر انہیں شاندار (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

ریحان اشرف انتقال کر گئے، تاجروں اور چیمبر عہدیداران کا اظہار افسوس

نماز جنازہ میں تاجروں اور چیمبر ممبران کی شرکت، مرحوم کے لیے مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر کی دعا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) GSMA کمپنی کے حاجی اشرف قادری کے صاحبزادے ریحان اشرف رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے ہیں انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم محمد اکرم، محمد ارشد، محمد اسلم، محمد عاصم کے بھتیجے اور حسن اشرف کے بڑے بھائی تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ نماز ظہر ٹیکنیکل مسجد ڈی گراؤنڈ میں ادا کی گئی۔ جس میں چیمبر کے ممبران، تاجروں اور اُن کے لواحقین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ دریں اثنا فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر عارف احسان ملک، سینئر نائب صدر میاں محمد سعید اور نائب صدر محمد یٰسین نے اس سانحہ ارتحال پر گہرے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)

سرکاری پاسپورٹ کسی اعزاز یا ذاتی حیثیت کی علامت نہیں بلکہ سرکاری امور کی انجام دہی کے لیے فراہم کیا جاتا ہے، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ سینیٹ ارکان کو سرکاری پاسپورٹ کے حصول کے لیے چھ سالہ مدت پوری کرنے کی شرط غیر ضروری امتیاز ہے، اسے ختم کر کے قومی اسمبلی اور سینیٹ ارکان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)

سانحہ کارساز کے شہداء اور جمہوریت کو سرخ سلام پیش کرتے ہیں، اعجاز چوہدری

شہید کبھی مرتے نہیں، وہ ہمیشہ زندہ رہتے ہیں ملکی سیاسی تاریخ میں جتنا بڑا الم ناک سانحہ کارساز روح نما ہوا اس کی انسانیت سوز بدترین مثال نہیں ملتی

ن لیگ پی ٹی آئی سمیت آج جمہوریت کا لاپ الاپنے والے تو بہت ہیں جانثاران بے نظیر جمہوری جدوجہد اور کارساز شہداء کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری نے سانحہ کارساز کے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ۔ شہید کبھی مرتے نہیں، وہ ہمیشہ زندہ رہتے ہیں ملکی سیاسی تاریخ میں جتنا بڑا الم ناک سانحہ کارساز روح نما ہوا اس کی انسانیت سوز بدترین مثال نہیں ملتی ن لیگ پی ٹی آئی سمیت آج جمہوریت کا لاپ الاپنے والے تو بہت ہیں جانثاران بے نظیر جمہوری جدوجہد اور کارساز شہداء کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی شہیدوں، غازیوں اور مجاہدوں کی جماعت ہے، ہم اپنے ان شہید جیالوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھیں گے اور کبھی بھی فراموش نہیں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)


پاکستان کا بچہ بچہ پاک فوج کیساتھ کھڑا ہے، حاجی محمد عمران

حرمین شریفین کی سیکورٹی کرنا بھی ہماری پاک فوج کیلئے بڑی سعادت کی بات ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) انجمن تاجران چنیوٹ بازار سرکلر روڈ فیصل آباد کے صدر حاجی محمد عمران پاک فوج ہماری آن اور شان ہیں ہم ملک کی سلامتی و بقاء کیلئے ملک کی خاطر شانہ بشانہ کھڑے ہیں، ملک افواج پاکستان کو اخراج تحسین پیش کر رہا ہے آج ملک میں جو دہشت گردی کی لہر ہے اس کا خاتمہ پاک آرمی کے دلیر جوان کر نے کیلئے سرحدوں پر ہر وقت تیار کھڑے ہیں ہماری فوج اپنی جانیں قربان کر کے ہما ری حفاظت کر رہی ہیں اگر کسی نے بھی دین اسلام کی طرف میلی آنکھ سے بھی دیکھا تو ان کی نسلیں اجھاڑ دیں گے اینٹ کا جواب پتھر سے دیا ہے۔

ملک سنگین چیلنجز سے دوچار، سیاسی قیادت ذمہ داری کا مظاہرہ کرے

پاکستان کے دشمن خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں ملکی خودمختاری اور امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی سازشیں کر رہے ہیں



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاما کے سابق چیئرمین شیخ اکرم پاشا نے کہا کہ ملک سنگین چیلنجز سے دوچار، سیاسی قیادت ذمہ داری کا مظاہرہ کرے، پاکستان کو کامیاب، مستحکم اور خوشحال ملک بنانے کے لئے تمام سیاسی قوتوں کو وسیع تر قومی تناظر میں سوچنا ہوگا۔ معمولی سیاسی فوائد کے لئے بڑے قومی اہداف کو نقصان پہنچانا دانش مندی نہیں جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی جانب سے ریاستی اداروں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)

پاکستان کی سلامتی اور استحکام کے لیے پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں

ملکی بقا کے لیے دہشت گردی اور انتشار کے خاتمے کی خاطر پوری قوم متحد ہے، حاجی اصغر علی باجوہ



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی فیصل آباد کے معروف تاجر لیڈر حاجی اصغر علی باجوہ نے کہا کہ۔ چند مٹھی بھر شر پسند عناصر کا خاتمہ وقت کی ضرورت اور قوم کی مشترکہ آواز ہے ہمیں افواج پاکستان کے ہے کہ ہمارا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12) چیف کمانڈر سے لیکر عام سپاہی پر فخر ہے جنہوں نے اپنا خون بہا کر دنیا میں پاکستان کا نام روشن کیا بیجوام فیصل آباد اندرونی و بیرونی سازشوں کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے پاک فوج کو یقین دلاتی ہوئے پاک فوج کو یقین دلاتی

مہنگائی نے 26 کروڑ عوام کی زندگی اجیرن بنا دی، چوہدری حسام علی وڑائچ

بجلی، گیس اور پٹرولیم کی بڑھتی قیمتوں نے غریب اور سفید پوش طبقے کی مشکلات میں اضافہ کر دیا



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سماجی و سیاسی شخصیت چوہدری حسام علی وڑائچ نے کہا ہے کہ ملک میں تیزی سے بڑھتی ہوئی مہنگائی نے 26 کروڑ عوام کو زندہ درگور کر دیا ہے۔ پھلوں، سبزیوں اور روزمرہ استعمال کی اشیائے خورد و نوش کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے شہریوں کے ہوش اڑا رکھے ہیں۔ دوسری جانب گیس، بجلی اور پٹرولیم کی قیمتوں نے عوام کو خودکشیوں پر مجبور کر رکھا ہے۔ ایک دن بارہ پیسے پٹرولیم کی قیمتوں کمی جاتی ہے تو دوسرے دن (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)

شہداء کی قربانیاں آنے والی نسلوں کیلئے مشعل راہ ہیں، سردار عمران

پاکستان پیپلز پارٹی جمہوریت، امن، رواداری اور عوامی خدمت کے اصولوں پر یقین رکھتی ہے، رہنما پیپلز پارٹی



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی سٹی کے نوجوان رہنما سردار عمران نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی جمہوریت، امن، رواداری اور عوامی خدمت کے اصولوں پر یقین رکھتی ہے، شہدا کارساز کی قربانیوں کو یاد رکھنا اور جمہوری اقدار کے فروغ کیلئے جدوجہد جاری رکھنا ہم سب کی ذمہ داری ہے، جمہوریت کے استحکام اور آئین و قانون کی بالادستی کے لیے پیپلز پارٹی کے قائدین اور جیالوں کی قربانیاں ہمارا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)

خوراک کی برآمدات میں 25 فیصد اضافہ خوش آئند، ویلیو ایڈڈ مصنوعات پر توجہ دی جائے

خام مال کے بجائے پیکڈ اور برانڈڈ غذائی مصنوعات برآمد کر کے روزگار اور زرمبادلہ بڑھایا جاسکتا ہے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر عارف احسان ملک نے رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں خوراک کی برآمد میں 25 فیصد اضافے کا پر زور دیا ہے کہ وہ خام مال کی برآمد کی بجائے ان سے ویلیو ایڈڈ۔ پیکڈ اور برانڈڈ مصنوعات تیار کر کے اُن کی برآمد پر زیادہ توجہ دیں۔ انہوں نے کہا کہ اس حکمت عملی سے نہ صرف روزگار خیر مقدم کیا ہے تاہم وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے نئے مواقع (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

سانحہ کارساز کے شہداء اور جمہوریت کو سرخ سلام پیش کرتے ہیں، اعجاز چوہدری

شہید کبھی مرتے نہیں، وہ ہمیشہ زندہ رہتے ہیں ملکی سیاسی تاریخ میں جتنا بڑا الم ناک سانحہ کارساز روح نما ہوا اس کی انسانیت سوز بدترین مثال نہیں ملتی

ن لیگ پی ٹی آئی سمیت آج جمہوریت کا لاپ الاپنے والے تو بہت ہیں جانثاران بے نظیر جمہوری جدوجہد اور کارساز شہداء کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری نے سانحہ کارساز کے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ۔ شہید کبھی مرتے نہیں، وہ ہمیشہ زندہ رہتے ہیں ملکی سیاسی تاریخ میں جتنا بڑا الم ناک سانحہ کارساز روح نما ہوا اس کی انسانیت سوز بدترین مثال نہیں ملتی ن لیگ پی ٹی آئی سمیت آج جمہوریت کا لاپ الاپنے والے تو بہت ہیں جانثاران بے نظیر جمہوری جدوجہد اور کارساز شہداء کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی شہیدوں، غازیوں اور مجاہدوں کی جماعت ہے، ہم اپنے ان شہید جیالوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھیں گے اور کبھی بھی فراموش نہیں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

سانحہ کارساز کے شہدا کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا، انجم حفیظ

شہدائے کارساز و شہدائے جمہوریت کو سرخ سلام پاکستان میں جمہوریت اور عوامی حکمرانی کا چراغ بھٹو خاندان کی قربانیوں اور جمہوری شہیدوں کے خون سے روشن ہے

شہداء کارساز کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھیں گے اور جمہوریت، انصاف اور عوامی حقوق کے لیے اپنی جدوجہد کو جاری رکھیں گے شہید کبھی نہیں مرتا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) ٹکٹ ہولڈر پی پی 107 پاکستان پیپلز پارٹی حفیظ انجم جنجوعہ نے کہا ہے کہ شہدائے کارساز و شہدائے جمہوریت کو سرخ سلام پاکستان میں جمہوریت اور عوامی حکمرانی کا چراغ بھٹو خاندان کی قربانیوں اور جمہوری شہیدوں کے خون سے روشن ہے ہم اس بات کا عہد کرتے ہیں کہ شہداء کارساز کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھیں گے اور جمہوریت، انصاف اور عوامی حقوق کے لیے اپنی جدوجہد کو جاری رکھیں گے شہید کبھی نہیں مرتا، وہ ہمیشہ زندہ رہتا ہے شہید کی موت قوم کی حیات ہے پیپلز پارٹی کے کارکنان کو ان کے نامکمل مشن کو جینئیس بلاول بھٹو زرداری کی رہنمائی میں پایہ تکمیل تک پہنچائے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 20)

سانحہ کارساز ملکی تاریخ کا انتہائی المناک و خونریز واقعہ ہے، میاں ریاض

شہدا نے اپنی جانیں قربان کر کے تاریخ میں ایک ناقابل فراموش داستان رقم کی

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سانحہ کارساز پاکستان کی تاریخ کا ایک انتہائی المناک اور خونریز واقعہ ہے، سانحہ کارساز کے شہدا نے اپنی جانیں قربان کر کے تاریخ میں ایک ناقابل فراموش داستان رقم کی۔ ان خیالات کا اظہار پیپلز پارٹی سٹی کے نائب صدر اور ٹکٹ ہولڈر پی پی 116 میاں ریاض الحق نے اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ 18 اکتوبر کے روز محترمہ شہید بینظیر بھٹو کی وطن واپسی پر کراچی میں پیش آنے والے سانحہ کارساز نے پوری قوم کو غمزدہ کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس المناک (باقی صفحہ اندرونی نمبر 19)

قرآن وسنت اور اہل بیت کی تعلیمات انسانیت کے لیے مشعل راہ ہیں، غلام مصطفیٰ سلطانی

امن، بھائی چارے اور رواداری کے فروغ کے لیے صوفی تعلیمات پر عمل ضروری ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان کے نامور مشائخ حضرت بابا جی غلام مصطفیٰ سلطانی نے کہا کہ قرآن وسنت اور اہل بیت کی نجات اخروی روز سے عالم کے لئے مشعل راہ ہے "صوفیا کرام نے معاشرہ میں امن "بھائی چارہ "رواداری" یگانگت کو فروغ دیا آج بداعتمادی "مادہ پرستی کا دور ہے "۔حقوق العباد کی ادائیگی "لالچ" حسد "بغض سے احتراز کر کے انسان قرب خدا وندی حاصل کر سکتا ہے "صوفی وہ ہے جس کا باطن صاف ہو "تزکیہ نفس سے انسان فلاح پاتا ہے اور اسے انسانی کردار کو مضبوطی میسر آتی ہیصوفیا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)



لاہور: پاکستان تحریک انصاف کے صدر چوہدری پرویز الٰہی سے ملاقات کے بعد کاسموپولیٹن کلب کے نومنتخب رکن آصف بھٹی اور دیگر کا گروپ فوٹو

رشتہ سے انکار پر منگیتر اور ہمایوں نگر سے 3 دوستوں کو اغوا کر لیا گیا

پولیس نے کارروائی عمل میں لاتے ہوئے مضروبان کی بازیابی کیلئے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے

فیصل آباد (آن لائن) رشتہ سے انکار پر منگیتر اور ہمایوں نگر سے 3 دوستوں کو اغوا کر لیا گیا، پولیس نے کارروائی عمل میں لاتے ہوئے مضروبان کی بازیابی کیلئے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے، تفصیل کے مطابق سمندری کے علاقہ شوکت آباد کے رہائشی قمر نے بتایا کہ 3 ماہ قبل اس نے اپنی بیٹی (ب) کا رشتہ تاندلیانوالہ کے ابو بکر سے طے کروایا بعد ازاں معلوم ہوا کہ لڑکا کام وغیرہ نہ کرتا ہے جس پر ابو بکر کے والدین کو کہا کہ جب تک کام نہیں کرتا رشتہ نہیں کرونگا جس پر ملزم ابو بکر مشتعل ہو گیا اور ان کو رشتہ سے انکار کرنے پر دھمکیاں دیں گزشتہ دنوں ملزم ابو بکر وغیرہ نے بازار جاتے ہوئے لڑکی کو اغوا کر لیا۔ جبکہ تھانہ صدر پولیس کو درخواست گزارتے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)

شہزا فاطمہ خواجہ کی گوگل کے نائب صدر ولسن ایل وائٹ سے ملاقات، تکنیکی و تعلیمی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

سیئول (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ نے جنوبی کوریا کے دارالحکومت سیئول میں منعقدہ گلوبل اے آئی ایڈ ڈیجیٹل سمٹ 2026 کے موقع پر عالمی ٹیکنالوجی کمپنی گوگل کے اعلیٰ حکام سے اہم ملاقات کی۔ وزارت آئی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)

تھانہ بلوچنی کے علاقہ 97 رب میں نامعلوم افراد نے محنت کش کو قتل کر کے نعش گڑھا کھود کر دفن کر دی

فیصل آباد (آن لائن) تھانہ بلوچنی کے علاقہ 97 رب میں نامعلوم افراد نے محنت کش کو قتل کر کے نعش گڑھا کھود کر دفن کر دی' نعش ملنے پر پولیس نے اندھے قتل کا سراغ لگانے کیلئے مختلف پہلوؤں پر تفتیش شروع کر دی۔

لڑائی جھگڑوں کے دوران مسلح افراد نے فائرنگ کر کے دو افراد کو لہولہان کر دیا

حملہ آور ہوائی فائرنگ اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتے ہوئے فرار ہو گئے

فیصل آباد (آن لائن) لڑائی جھگڑوں کے دوران مسلح افراد نے فائرنگ کر کے دو افراد کو لہولہان کر دیا' حملہ آور ہوائی فائرنگ اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتے ہوئے فرار ہو گئے، معروبان کو طبی امداد کی غرض سے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ بتایا جاتا ہے کہ تھانہ بلوچنی کے علاقہ 68 رب کے مہشر نے بتایا کہ ان کی ملزمان عمران وغیرہ کے ساتھ پرانی مقدمہ بازی چلی آ رہی تھی، گزشتہ شام اس کا بھائی نعمان گھر سے ڈیرہ کی طرف جا رہا تھا کہ ملزمان نے فائرنگ کر کے نعمان کو زخمی کر دیا جبکہ سمندری کے نواح میں معمولی جھگڑے پر مشتعل ملزمان اسلم وغیرہ نے فائرنگ کر کے مخالف احمد نواز کو بری طرح زخمی کر کے فرار ہو گئے۔

خیبر پختونخوا میں جعلی تبدیلی اور کھوکھلے نعروں کے سیاہ دور کا خاتمہ ہو چکا ہے

اخلاقیات اور تعلیمات کا درس دینے والے بھی بغض مریم کا شکار ہیں، اشفاق چاچو



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما رانا اشفاق احمد چاچو ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں جعلی تبدیلی اور کھوکھلے نعروں کے سیاہ دور کا خاتمہ ہو چکا ہے، اخلاقیات اور تعلیمات کا درس دینے والے بھی بغض مریم کا شکار ہیں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پنجاب کو مثالی اور خوشحال بنانے کے لئے بہترین اقدامات کر رہی ہیں دوسرے صوبوں کو بھی مریم نواز شریف کی تقلید کرنی چاہئے۔ انہوں نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 22)

کارساز پاکستانی تاریخ کا المناک ترین سانحہ تھا، نور النساء ملک

مگر پختہ عزم، وقار اور بہادر جیالوں نے اپنی جان کو ڈھال بنا کر اپنی قیمتی زندگیاں قربان کر کے اپنی عظیم، بہن محترمہ بینظیر بھٹو شہید کا تحفظ کی ہمیں شہداء کارساز پر فخر ہے

جنہوں نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر کے یہ ثابت کر دیا کہ وہ حقیقی معنوں میں جمہوریت کے سفر کو جاری رکھے گے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کی سابق ایم پی اے نور النساء ملک نے کہا کہ سانحہ کارساز میں شہید ہونے والے ساتھیوں کو سرخ سلام پیش کرتے ہیں شہید بی بی تیرے خون کا سورج چمکے گا 18 اکتوبر 2007 کو شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی وطن واپسی کی استقبالی ریلی پر ہونے والے جمہور دشمنوں کے حملہ میں 177 جیالوں نے جانوں کا نظرانہ دے کر شمع جمہور کی حفاظت کی پیپلز پارٹی کے دیوانے اور نظریاتی جیالے ہیں۔ اللہ سانحہ کارساز کے تمام شہیدوں کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں 18 اکتوبر 2007 کو وطن دشمنوں نے کارساز کے مقام پر کاروان جمہوریت کی تاریخی اور (باقی صفحہ اندرونی نمبر 23)



فیصل آباد: تحریک منہاج القرآن کے 46 ویں یوم تاسیس کے موقع پر منعقدہ جلسہ A میں تقریب سے مرکزی نائب ناظم اعلیٰ رانا محمد اور لیس قادری، علامہ منہاج الدین غلام حسین، سہیل منصور، سرفراز قادری، شیخ محمد امین، میاں ظہور، شیخ ناصر، رانا ادریس، علی رضا، منتظر اقبال، غلام محمد قادر خطاب کے بعد کیک کاٹ رہے ہیں

پٹرول